


# کیا میرا ووٹ شمار ہوا تھا؟ ووٹ ڈالنے کے بعد آپ کو کیا کرنا ہے!

بعض اوقات، ایسا ہو سکتا ہے کہ آپ کے بیلٹ کو شمار نہ کیا جائے۔ انتخاب کے دن کے بعد اگلے کئی دنوں تک بیلٹ کی گنتی کا کام چلتا ہے، اس لیے آپ کو بعض ایسے مسائل کو حل کرنے کا وقت مل سکتا ہے جن کی وجہ سے آپ کے بیلٹ کو شمار نہیں کیا گیا۔ آپ اپنے ووٹ کے گنے جانے کو یقینی بنانے کے لیے درج ذیل چیزیں کر سکتے ہیں!

**الیکشن کا دن: منگل، 5 نومبر، 2024**

## میل/غیر حاضرین کے بیلٹس

- اپنے میل/غیر حاضرین کے بیلٹ کو ٹریک کریں اور یقینی بنائیں کہ اسے شمار کیا گیا ہے۔ آپ ہر ریاست کی ٹریکنگ سے متعلق معلومات یہاں حاصل کر سکتے ہیں www.ballotready.org۔
  - ***جلد ٹریک کرنا شروع کریں***—کسی بھی مسئلے کو حل کرنے کے لیے اکثر محدود وقت ہوتا ہے!
- اگر آپ کی میل/غیر حاضرین کے بیلٹ کو شمار نہیں کیا گیا ہے—میل/غیر حاضرین کے بیلٹ کو شمار نہ کیے جانے کی عام وجوہات:
  - ***دستخط کا مماثلت نہ رکھنا***—آپ کے میل/غیر حاضرین کے بیلٹ پر موجود دستخط اُس دستخط سے مماثلت نہیں رکھتے جو حکومت کے پاس آپ کے ریکارڈ میں موجود ہیں۔
  - ***مکمل طور پر یا صحیح طریقے سے ہدایات پر عمل کرنے میں ناکامی۔***
  - ***اپنے شناختی دستاویز کی کاپی شامل کرنے میں ناکامی۔***
- اگر آپ کو اپنے میل/غیر حاضرین کے بیلٹ کو ٹریک کرنے یا یہ جاننے میں مدد کی ضرورت ہے کہ آیا آپ اپنے میل/غیر حاضرین کے بیلٹ سے متعلق مسائل کو ٹھیک کر سکتے ہیں یا نہیں تو **1-888-API-VOTE (1-888-274-8683)** ہاٹ لائن پر کال کریں۔

## عارضی بیلٹس

- اگر آپ نے ایک عارضی بیلٹ کے ذریعہ ووٹ دیا ہے، تو آپ کی مقامی یا ریاستی حکومت کو چاہیئے تھا کہ وہ آپ کو یہ معلومات فراہم کرے کہ آپ یہ کیسے جان سکتے ہیں کہ آیا آپ کے ووٹ ڈالتے وقت آپ کے عارضی بیلٹ کو شمار کیا گیا تھا یا نہیں۔
- اگر آپ نے ایک عارضی بیلٹ کے ذریعہ ووٹ دیا ہے اور اسے شمار نہیں کیا گیا، تو آپ بعض صورتوں میں اسے شمار کرانے کے لیے اپنی طرف سے اقدامات کر سکتے ہیں۔ عارضی بیلٹ کو شمار نہ کرنے کی عام وجوہات:

سوالات کے جوابات تلاش کرنے کے طریقے کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے https://www.advancingjustice-aajc.org/election2024 ملاحظہ کریں! آپ ووٹنگ کے بارے میں کسی بھی تفصیلی یا مختصر سوال کے لیے **1-888-API-VOTE (1-888-274-8683)** پر بھی کال کر سکتے ہیں۔ ہم انتخابات کے دن تک، اُس دن اور اس کے بعد مدد فراہم کرنے کے لیے حاضر ہیں۔




- **ووٹرر جسٹریشن**–اگرآپ کو لگتا ہے کہ آپ نے ووٹ ڈالنے کے لیے رجسٹر کیا ہے لیکن ووٹرز کی فہرستوں میں آپ کا نام اپنے درست ووٹ ڈالنے کی جگہ پر نہیں آیا ہے، توآپ کے ووٹرر جسٹریشن میں کچھ مسئلہ ہو سکتا ہے جسے آپ اپنے مقامی انتخابی اہلکار کی مدد سے حل کر سکتے ہیں۔
- **شناخت**-اگرآپ انتخابات میں اپنی شناخت کے لیے ایک مناسب دستاویزلانا بھول گئے ہیں، تو بعض صورتوں میں آپ اسے اپنے مقامی انتخابی عہدیداروں کے پاس لا سکتے ہیں۔
- **دستخط کا مماثلت نہ رکھنا**-اگرآپ کے دستخط انتخابی ریکارڈ میں آپ کی فائل پر موجود آپ کے دستخط سے مماثلت نہیں رکھتے، توآپ انتخابات کے بعد انتخابی حکام کے پاس اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے کچھ اقدامات کر سکتے ہیں۔

♦ اگرآپ کو یہ معلوم کرنے میں مدد کی ضرورت ہے کہ آیا آپ کے عارضی بیلٹ کو شمار کیا گیا ہے یا نہیں یا یہ کہ کسی بھی مسئلے کو کیسے حل کیا جائے کیونکہ ایسا کرنے کے لیے محدود وقت ہو سکتا ہے تو **1-888-API-VOTE (1-888-274-8683)** ہاٹ لائن پر کال کریں۔

سوالات کے جوابات تلاش کرنے کے طریقے کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے https://www.advancingjustice-aajc.org/election2024 ملاحظہ کریں! آپ ووٹنگ کے بارے میں کسی بھی تفصیلی یا مختصر سوال کے لیے **1-888-API-VOTE (1-888-274-8683)** پر بھی کال کر سکتے ہیں۔ ہم انتخابات کے دن تک، اُس دن اور اس کے بعد مدد فراہم کرنے کے لیے حاضر ہیں۔